बहू बेगम

بہو بیگم

اداکاران

پردیپ کمار۔ مینا کماری
اشوک کمار۔ نروپا رائے

قیمت دس نئے پیسے

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے بہو بیگم فلم کے

گانا نمبر ۱

پڑ گئے جھولے ساون رت آئی رے
سینے میں ہوک اٹھی اللہ دہائی رے
چنچل جھونکے منہ کو چومیں بوندیں تن سے کھیلیں
پیڑ پہ جھولیں تو جھکتے بادل پاؤں کا چمبن لیں
ہم کو نہ بھائے سکھی ایسی ڈھٹائی رے —
گیتوں کا یہ رنگین موسم پینگوں کا یہ میلہ
ایسی رت میں ہمیں جھلانے آئے کوئی البیلا
تھامے تو چھڑائے نہیں نازک کلائی رے —

گانا نمبر ۲: ہم انتظار کریں گے ترا قیامت تک
خدا کرے کہ قیامت ہو اور تو آ جائے
یہ انتظار بھی اک امتحان ہوتا ہے
اسی سے عشق کا شعلہ جوان ہوتا ہے
یہ انتظار سلامت ہو اور تو آ جائے
بچھائے شوق سے سجدے وفا کی راہوں میں
کھڑے ہیں دید کی حسرت لیے نگاہوں میں
قبول دل کی عبادت ہو اور تو آ جائے
وہ خوش نصیب ہے جس کو تو انتخاب کرے

خدا ہماری محبت کو کامیاب کرے
جواں ستارہ قسمت ہو اذن تو آئے

گانا نمبر۳:۔ عرض شوق آنکھوں میں ہے
عرض وفا آنکھوں میں ہے
تیرے آگے بات کہنے کا مزا آنکھوں میں ہے
واقف ہوں خوب عشق کے طرز وفا سے میں
کہہ دوں گا دل کی بات نظر کی زباں سے میں
میری وفا کا شوق سے تو امتحان لے
گزروں گا تیرے عشق میں ہر امتحان سے میں
اے حسن آشنا تیرے جلوؤں کی خیر ہو
بیگانہ ہو گیا ہوں غم دو جہاں سے میں

گانا نمبر۴:۔ اب جان پر ہوں شدت درد نگاہ سے میں
اپنے میں تم کو ڈھونڈنے لاؤں کہاں سے میں
زمیں ہمدرد ہے میری نہ ہمدم آسماں میرا
تیرا در چھوٹ گیا تو پھر ٹھکانا ہے کہاں میرا
قسم ہے تم کو خدا دل نہ جائے رائیگاں میرا
یہی ہے امتحاں تیرا یہی ہے امتحاں میرا
اک سمت محبت ہے اک سمت زمانہ ہے
تیرا خیال تیری تمنا لئے ہوئے
دل کچھ رہا ہے آس کا شعلہ لئے ہوئے
حیران کھڑی ہوئی ہے دو رستے پہ زندگی

ناکام حسرتوں کا جنازہ لیے ہوئے
آواز دے رہا ہے دلِ خانہ خراب
سینے میں اضطراب ہے سانسوں میں پیچ و تاب
اے روحِ عشق جانِ وفا کچھ تو دے جواب
اب جاں بہ لب ہوں شدتِ دردِ نگاہ سے میں
گانا مرہ صرف اپنے خیالوں کی پرچھائیاں ہے
یا کوئی جلوۂ ناز پردے میں ہے
بار بار اُس طرف اُٹھ رہی ہے نظر
کیا خبر کون سا راز پردے میں ہے
وہ ابھی اپنی محفل میں آئے کہاں
اپنے خاموش لب گنگنائے کہاں
ساز کھنکا کئے تارِ جھنکا کئے
نغمۂ دل کی آواز پردے میں ہے
ان اداؤں کو ہم کون سا نام دیں
ان کا احسان مانیں کہ الزام دیں
ہر کرم میں ستم ہر وفا میں جفا
اُن کا ہر اک انداز پردے میں ہے
کیا خبر کب چھڑا شوق کا سلسلہ
حسن نے کیا دیا عاشقی کا صلہ
بس محبت کا انجام بھی کیوں کھلے
جب محبت کا آغاز پردے میں ہے

گانا نمبر ۷ لوگ کہتے ہیں کہ ہم تم سے کنارا کر لیں
تم جو کہہ دو تو یہ غم بھی گوارا کر لیں
تم نے جس حال پہ لغزشوں سے نکالا تھا ہمیں
آسرا دے کے محبت کا سنبھالا تھا ہمیں
سوچتے ہیں کہ وہی حال دوبارا کر لیں
تم جو کہہ دو ——

یوں بھی اب تم سے ملاقات نہیں ہونے کی
مل بھی جاؤ تو کوئی بات نہیں ہونے کی
آخری بار لبوں اب ذکر تمہارا کر لیں
آخری بار خیالوں میں بلائیں تم کو
آخری بار کلیجے سے لگا لیں تم کو
اور پھر اپنے تڑپنے کا نظارہ کر لیں ۔ تم جو ——

گانا نمبر ۸: نکلے تھے کہاں جانے کے لئے
پہنچے ہیں کہاں معلوم نہیں
اب اپنے بھٹکتے قدموں کو
منزل کا نشاں معلوم نہیں
ہم نے بھی کبھی اس گلشن میں
ایک خواب بہاراں دیکھا تھا
کب پھول جھڑے کب گرد اڑی
کب آئی خزاں معلوم نہیں
دل شعلۂ غم سے خاک ہوا

یا آگ لگی ارمانوں میں
کیا جی نے کیوں سلگے ہیں
اٹھتا ہے دھواں معلوم نہیں
ناکام دنیا کا افسانہ
ہم کس سے کہیں اور کیسے کہیں
خاموش ہیں لب اور دنیا کو
اشکوں کی زباں معلوم نہیں
گانا نمبر۶ ہم انتظار کریں گے تیرا قیامت تک
خدا کرے کہ قیامت ہو اور تو آئے
بجھی بجھی سی نظر میں تیری تلاش لئے
بھٹکتے پھرتے ہیں ہم
آپ اپنی لاش لئے
یہی جنون ہے وحشت ہو اور تو آئے
نہ دیں گے ہم تجھے الزام بیوفائی کا
مگر گلہ تو کریں گے تیری جدائی کا
تیرے خلاف شکایت ہو اور تو آئے
یہ زندگی تیرے قدموں میں ڈال جائیں گے
تجھی کو تیری امانت سنبھال جائیں گے
ہمارا عالم رخصت ہو اور تو آئے
خدا کرے کے قیامت —
تمام شد

فلم میں بھرتی ہونے سے پہلے آپکو ایک ایکٹر بننا انتہا ضروری ہے

فلم ایکٹنگ گائیڈ

کا مطالعہ کیجئے

اس کتاب میں ایکٹر بننے کے طریقے درج کئے گئے ہیں۔ ایکٹنگ کیا ہے۔ اور کیسے کیا جاتا ہے۔ ایکٹر بننے اور بھرتی ہونے کیلئے کیا کیا ہونا ضروری ہے۔ تمام باتیں آسان اُردو زبان میں لکھی گئی ہیں۔ آخر میں تمام مشہور فلم کمپنیوں کے پتے ایکٹروں اور ایکٹریسوں کے حالات نیز پرائیوٹ پتے بھی درج کر دیئے گئے ہیں تاکہ ہر شخص کو ان سے خط و کتابت کرنے میں آسانی ہو۔

قیمت صرف ۱-۱ ر علاوہ ڈاک خرچ

اصلی پرانا کوک شاستر (باتصویر)

یہ کتاب بہترین ہے۔ اور ہر ایک نوجوان کیلئے اس کا پڑھنا ضروری ہے۔ اس میں تمام قسم کے آدمیوں اور عورتوں کی پہچان بانجھ عورت کا علاج۔ لڑکا لڑکی پیدا ہونے کا بھید معلوم کرنا چاند کی کس تاریخ کو عورت کے کس حصے میں کام جاگتا ہے۔ اس کی تصاویر اس کتاب کی زیادہ تعریف لکھنا قانون کے خلاف ہے۔ آج ہی منگا لیجئے۔ ورنہ بعد میں پچھتانا پڑے گا۔

قیمت صرف چار روپے علاوہ ڈاک خرچ

نیو انڈو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

عملیات تسخیر محبوب عُرف ہمدردِ عشاق

اگر آپ کسی مہ جمال حسینہ کی زلف گرہ گیر میں اسیر ہو چکے ہیں۔ اور مطلب برآری کی کوئی صورت نظر نہیں آتی۔ خوشامد کرتے کرتے اور جھڑکیاں سہتے سہتے عاجز آ گئے ہیں تو آپ آج ہی اس نادر روزگار کتاب کو منگا کر اس میں درج کئے ہوئے اصولوں پر چل کر کامیابی حاصل کیجئے ایک اس کتاب کی لاکھوں کاپیاں فروخت ہو چکی ہیں۔ اور ہزارہا حاجتمند اس سے فائدہ اٹھا چکے ہیں۔ آپ بھی منگا کر فائدہ اٹھائیے۔

قیمت صرف ۱/- علاوہ محصول ڈاک خرچ

عملیات تسخیر قلوب

اس کتاب میں بتائے ہوئے اصولوں پر عمل کرنے سے عورت و مرد کے دل کو اپنی مٹھی میں کرنا بالکل معمولی بات ہے۔ کسی سنگدل کو مہربان بنانا بالکل سہل ہو گا۔ جو لوگ عورتوں کی زبان درازی سے تنگ آ گئے ہوں وہ اس کتاب کو پڑھیں۔ اور دیکھیں کہ ان کی سندھی ہوئی بیویاں اور پرواہ نہ کرنے والے دل کس طرح خود بخود ان کی طرف کھنچے چلے آتے ہیں۔

قیمت صرف ۱/- علاوہ محصول ڈاک خرچ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

اعلیٰ پریس دہلی